# 11881 ـ قبیح اوربدکاری کی ویب سائٹ پرآنے والوں کے تناسب کا سروے کرنا

## سوال

ہم ایک اسلامی ویب سائٹ چلا رہے ہیں ، کیا ہمارے لیے جائز ہے کہ ہم گندی اورقبیح ویب سائٹوں کودیکھنے والوں کی تعداد کے بارہ میں معلومات حاصل کریں تا کہ انہیں نصیحت کرنے میں مفید ثابت ہو اور ہوسکتا ہے کہ اس میں دعاۃ اوراصلاح کرنے والوں کے لیے بھی مفید معلومات پائیں جائیں ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر توان معلومات اورسروے کی دعاۃ اوردوسرے لوگوں کوشرعی فائدے ہوں اوراس پرکوئ ممنوعہ چیز بھی مرتب نہ ہوتی ہو مثلا لوگوں کی بعینہ ذلت ورسوائ ، یا پھر ان ویب سائٹوں کی تشہیر و اوربرائي کی ترویج وغیرہ نہ ہوتی ہو اس میں کوئ حرج نہیں اوربعض حالات کے علاج میں ممد معاون بھی ہوسکتی ہے ۔

واللہ اعلم .